تاریخی واقعہ بیان کیا گیا ہے کہ اسپین کی اسلامی حکومت کے زمانہ میں ایک پادری کی لڑکی کس طرح مسلمان ہوئی۔ مسلمان علماء کے ساتھ لڑکی اور پادریوں کے مناظرے اتنی تفصیل کے ساتھ درج کیے گئے ہیں کہ مسیحیت اور اسلام کے تقابل کا اچھا خاصہ مواد ان میں مل جاتا ہے۔ تاریخی واقعات کو افسانہ کے رنگ میں اور افسانہ کو مناظرہ کی صورت میں پیش کرنے کا یہ طریقہ خواہ فن افسانہ نگاری کے نقطۂ نظر سے کیسا ہی ہو، مگر مسلمانوں کو مذہبی معلومات بہم پہونچانے کے لیے دلچسپ اور مفید ضرور ہے۔

چراغ امین

از جناب نکڑی سلطان پوری ضخامت ۷۰ صفحات۔ پتہ: کنور احمد اعتبار حسین خان، ماری مئو، ڈاک خانہ جگدیش پور، ضلع سلطان پور۔

یہ جناب نکڑی سلطان پوری کے کلام کا مجموعہ ہے، جو دو حصوں میں منقسم ہے، ایک حصہ نظموں پر اور دوسرا غزلوں پر مشتمل ہے۔ زبان اور طرز ادا پسندیدہ ہے۔

مساوات اسلامیہ

از جناب شیخ محمد صاحب قادری کاکوروی، نظیر آباد، لکھنؤ۔ ضخامت ۷۰ صفحات قیمت ۲ر

اس رسالہ میں لائق مؤلف نے مستند مآخذ سے اسلامی مساوات کی حقیقت پر بحث کی ہے اور بتایا ہے کہ اجتماعی مشکلات کے حل میں کہاں تک اس کا دخل ہے۔

خلق عظیم

از قاضی ظہور الحسن صاحب ناظم سیوہاروی ضخامت ۲۰ صفحات، قیمت ۲ر ملنے کا پتہ: قاضی ظہور الحسن صاحب، بمعرفت مولوی ضیاء الدین صاحب ایڈووکیٹ۔ محلہ عابد شاہ پیٹ۔ حیدر آباد۔ دکن۔

اس رسالے میں جناب قاضی صاحب نے نہایت خوش اسلوبی اور کامیابی کے ساتھ سیرت نبوی کے واقعات و روایات کو ان کے اصلی خد و خال میں نظم کیا ہے۔

منظر الکرام
مؤلفہ سید منظر علی اشہر

حیدر آباد دکن کے زندہ اکابر و مشاہیر کا تذکرہ۔ جدید حیدر آباد کی علمی شخصیتوں کے متعلق اس سے بہتر ذخیرہ معلومات اب تک مرتب نہیں ہوا۔ سرکار عالی کے سررشتہ تعلیم نے اسکو اول کی عمدہ کتاب قرار دیکر دفاتر و مدارس تحت کو اسکے خریدنے کی ہدایت کی ہے۔ قیمت چھ روپے۔ مؤلف سے نظام ولنٹیرز کلب خیرت آباد کے پتہ پر طلب کیجیے۔